مورخہ 13 دسمبر 2021 ﴿پریس ریلیز﴾ ڈسٹرکٹ کیماڑی پولیس

پولیس ضلع کیماڑی کی حساس اداروں کے ہمراہ کاروائی

انڈین ایجنسی RAW کا حمایت یافتہ خطرناک دہشتگرد گرفتار

ہندستان کی خفیہ ایجنسی RAW پچھلی کئی دہائیوں سے پاکستان کے اندر انتشار پھیلانے میں مصروف ہے، موجودہ حالات میں یہ ایجنسی بلواسطہ دہشت گردی پھیلا رہی ہے۔ جسکے لیے وہ پاکستان میں موجود بھولے بسرے لوگوں کو جو کہ آسانی سے کسی بھی سمت مائل کیے جاسکتے ہوں یا پھر لالچی لوگ۔ جو کہ چند روپوں کے لیے کچھ بھی کرگزرنے کو تیار ہوں کو استعمال کر رہی ہے۔

کچھ عرصے سے ایک گروپ، سندھی قوم پرست تنظیموں کی آڑ لے کر سندھ کے مختلف شہروں میں تخریب کاری کر رہا ہے جسکا سربراہ اصغر شاہ ہے۔ حساس اداروں کی معلومات کے مطابق اصغر شاہ اس وقت پاکستان سے بھاگا ہوا ہے اور RAW سے رابطوں میں ہے۔ اصغر شاہ اپنے آقاؤں کے کہنے پر یہاں موجود دہشتگردوں کو ٹارگٹ فراہم کرتا ہے اور ٹارگٹ پر حملہ کرنے کے لیے اسلحہ وبارود مہیا کرتا ہے جسمیں بلوچستان کی قوم پرست / دہشتگرد تنظیموں کی معاونت اسے حاصل ہوتی ہے۔ ان تمام کاروائیوں کے لیے فنڈز بھی RAW ہی فراہم کرتی ہے۔

اصغر شاہ گروپ کی جانب سے کی جانے والی کاروائیوں میں عموماً درج ذیل قسم کی کاروائیاں شامل ہوتی ہیں۔

1- CPEC، حساس تنصیبات، ریلوے لائنز، گیس پائپ لائنز پر IED لگانا اور انکو نقصان پہنچانا۔
2- سول وقانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران کو نقصان پہنچانا۔
3- پولیس ورینجرز کی موبائلوں وجوانوں پر ہینڈ گرنیڈ سے حملہ کرنا۔

پچھلے کچھ عرصے سے اس گروپ کی کاروائیوں میں اضافہ ہوا ہے اور انکی کاروائیوں کا اصل مقصد پاکستان کو بین الاقوامی سطح پر بدنام کرنے کے ساتھ ساتھ تنہا کرنا ہے۔

امروز مورخہ 13 جنوری 2021 ضلع کیماڑی پولیس نے حساس اداروں کی معاونت سے اتحاد ٹاؤن کے علاقہ میں ٹارگٹڈ آپریشن کرتے ہوئے RAW کی حمایت یافتہ اصغر شاہ کی تنظیم کا سرگرم دہشتگرد منصور علی عرف انیل کو گرفتار کر کے اسکے قبضہ سے ذیل دھماکہ خیز مواد برآمد کیا گیا۔

تفصیل برآمدگی۔

1- ایک کلو دھماکہ خیز مواد۔
2- دو ریسیور (two receivers)
3- بوناوائر (Bona Cord)
4- بارودی سرنگ (Mine)
5- ایک ضرب پستول بمعہ راؤنڈ

گرفتار شدہ ملزم اصغر شاہ تنظیم کا سرگرم کارکن، ہندستان سے تربیت یافتہ ہے اور بارود، IEDs وپسٹلز وغیرہ کی مختلف علاقوں میں ٹرانسپورٹ اور دہشتگردی کے مقصد کے لیے حساس تنصیبات کی ریکی بھی کرتا رہا ہے۔ ملزم کے خلاف دہشتگردی ایکٹ کے تحت مقدمات کا اندراج کر کے مزید تفتیش کی جا رہی ہے۔

فدا حسین جانوری، PSP

SSP ضلع کیماڑی، ساؤتھ زون کراچی۔